# شعبۂ اردو، اسکول آف ہیومانیٹیز،

# یونیورسٹی آف حیدرآباد

# ایم فل (اردو)

# نصاب:

**Department of Urdu, School of Humanities,**

**University of Hyderabad,**

**M.phil (Urdu),**

**Syllabus**

# ایم فل (اردو) پہلا سمسٹر

## M.Phil. (Urdu) Semester I

## لازمی کورسس:

کورس نمبر: 1 | طریقِ تحقیق: | 4 Credits

### UR 701: Research Methodology:

---

**دائرہ مطالعہ:** Area of Study

تحقیق اور تنقید کا رشتہ۔ ادب کے تاریک اور تحقیق طلب گوشے۔ موضوع تحقیق کا انتخاب۔ تفہیم ادب میں اس موضوع کی امکانی اہمیت۔

تحقیق کیا ہے؟ تحقیق کی قسمیں، تحقیق اور تنقید کا رشتہ، موضوع کا انتخاب، مواد کی تلاش، نوٹس لینے کا طریقہ، کارڈ نظام، تیز اور بہتر پڑھنا، عمدہ پراگراف کی خصوصیات، رموزِ اوقاف، پروف خوانی وغیرہ

**تحقیق کاموں کی فہرستیں اور اشارے:** مواد کی تلاش۔ اشارے اور کتابیات۔ مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں۔ رسالوں کے گزشتہ شماروں کی چھان بین۔ کتب خانے۔ نادر کتب کے تاجروں اور ذاتی ذخیروں میں تلاش۔ ماہرین موضوع سے مشورہ۔ مخطوطات کا مطالعہ۔ قلمی نسخے کے طرز املا اور کاغذ کی بنا پر اس کے عہد کا قیاسی تعین۔ مواد کا اسناد طے کرنا۔ معتبر اور کمزور ماخذ میں امتیاز۔ تحقیق، حزم و احتیاط۔ مواد سے یادداشتیں لینا۔ مواد کو پرکھنا۔ مقابلہ کرنا اور اس کی بناء پر مقالہ لکھنا۔ ماخذ کا مناسب اعتراف۔ فٹ نوٹ۔ حوالے یا حواشی لکھنے کے طریقے۔ تحقیقی اخلاقیات۔ تحقیقی اصطلاحات۔ حوض۔ ترک۔ تمت۔ ترقیمہ۔ شہر۔ تحشیہ اور حواشی۔ متنی تنقید۔ تسوید۔ تبیض۔ نسخہ۔ مخطوطہ۔ ترجمہ۔ مصادر۔ ترتیب۔ تدوین۔ ناقص الاول۔ ناقص الآخر۔ تحقیق کی زبان اور اسلوب۔ تحقیق و تنقید کا توازن۔ اختتامیہ یا جائزہ۔

کتابیات کی صحیح ترتیب۔ سنہ ایڈیشن اور اسلوب۔ ناشر کا پتہ دینا۔ اشاریہ سازی۔ فرد پر تحقیق۔ زندہ ادیبوں پر لکھنے کی سہولتیں اور مشکلات۔ سوانح کی ترتیب۔ شخصیت کی تعمیر۔ تصانیف کی جامع و مانع فہرست۔ الحاقی اور غیر مطبوعہ نگارشات کی نشاندہی۔ صنف یا رجحان کی تحقیق۔ پس منظر کا اختصار۔ صنف کی تنقید کے فنی اصول قائم کرنا۔ صنف کے اہم ادیبوں کی نگارشات کا تاریخی اعتبار سے جائزہ۔ مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں یا کسی ادیب کی ببلوگرافی تیار کرنا۔ کسی دور یا صنف کی فرہنگ تیار کرنا۔ اجتماعی تحقیق یعنی ریسرچ پروجیکٹ۔ قواعد و لسانیات کی تحقیق۔ معترضانہ یا تخریبی تحقیق کے فوائد اور نقصانات۔ اعتراضات کو غیر جذباتی اور علمی انداز میں پیش کرنا۔ طنز و تعریض سے پرہیز۔

**حوالے کی کتابیں:** (1) عبدالرزاق قریشی، مبادیات تحقیق (2) رشید حسن خاں، ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ (3) رہبر تحقیق، ناشر اردو سوسائٹی، شعبہ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی (4) سید محمد ہاشم، تحقیق و تدوین جلد اول (5) قاضی عبدالودود، عیارستان (6) رسالہ آج کل اردو تحقیق نمبر اگست ۱۹۶۷ء (7) مقالات: انجمن اساتذہ اردو جامعات ہند، منعقدہ دہلی یونیورسٹی کے شعبہ تحقیق کے مضامین (8) مندرجہ ذیل مضامین (۱) ڈاکٹر سید عبداللہ، تحقیق و تنقید، نیا دور کراچی نمبر ۵۔۶، ۱۹۵۶ء (۲) رشید حسن خاں، ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ (۳) ڈاکٹر غلام مصطفے خاں، فن تحقیق، نقوش جنوری ۱۹۶۶ء (۴) ڈاکٹر سید محمد عقیل، تحقیق و مواد کی فراہمی کا مسئلہ نقوش مئی ۱۹۶۷ء (۵) ڈاکٹر شیام لال کالڑا، عابد پشاوری، یونیورسٹی میں تحقیق کا معیار، ایک تجزیہ، مقالات، انجمن اساتذہ اردو، شعبہ اردو، لکھنو یونیورسٹی (۶) ڈاکٹر گیان چند جین، تحقیق کے تقاضے، مشمولہ تحریریں (۷) تحقیق کے مسائل مشمولہ تجزیے از گیان چند جین (۸) ڈاکٹر گیان چند جین، اجتماعی تحقیق اور اس کی منصوبہ بندی، مشمولہ حقائق۔

9. Richard Altick "The Art of Literary Research"

10. Richard Altick "Scholar's Adventure".

11. George Watson "The Literary Thesis".

12. Kate Turbabion "A Material for writers of Thesis + Dissertation"

13. "University of Oxford" Members of the Faculty of English language and Literature.
(Notes on the Presentation of thesis on literary subject "2nd divison Rupat Hart Davis, London, 1952)

14. James Thope (ed) "The Aims & Methods of Literary Scholarship".

15. Phyllis Caskell "Introduction to Bibliography".


..............................................................

**4 Credits** | **عملی تنقید** | کورس نمبر: 2

## UR 702: Practicle Criticism

---

**دائرہ مطالعہ:** **Area of Study**

(الف) تنقید کی غایت۔ تخلیق اور تنقید کا رشتہ۔ تخلیق کار، نقاد اور قاری کا رشتہ۔ عصری اردو تنقید۔ ادب کی غایت۔ ادب اور نظریہ کمٹ منٹ یا غیر مشروطیت ادب کا جمالیاتی پہلو۔ تخلیق کے پیچھے سماجی عوامل۔ اقدار و خیالات کی بازیافت۔ عصری حسیت۔ ادب ذات کی توسیع۔ نسل اور وراثت کا اثر۔ تحلیل نفسی۔ اجتماعی لاشعور اور آرکی ٹائپ۔ ادیب کی انفرادیت اور آزاد خیالی۔ اسلوب کیا ہے۔ لفظ و معنی کا رشتہ۔ علامت نگاری۔ ترسیل اور ابلاغ کا مسئلہ۔ تخلیق کا ڈھانچہ۔ ہیئتی تجزیہ اور ہیئت کا مطالعہ۔ شماریاتی اسلوبیات۔

(ب) مختلف اصناف ادب کی تخلیقات اور تخلیق کاروں پر عملی تنقید کے طریقے۔ غزل۔ طویل مثنوی۔ مرثیہ۔ جدید نظم کا مطالعہ اور تنقید۔ داستان۔ ناول۔ افسانہ۔ ڈراما۔ انشائیہ اور تنقید نگاری کا مطالعہ اور تنقید۔


**امدادی کتابیں:۔** (۱) میراجی، اس نظم میں (۲) کلیم الدین احمد، عملی تنقید، حصہ اول (۳) احتشام حسین، تنقید اور عملی تنقید (صرف مضمون تنقید اور عملی تنقید) (۴) ڈاکٹر سلام سندیلوی، ادب کا تنقیدی مطالعہ (۵) ڈاکٹر اطہر پرویز، ادب کا مطالعہ (۶) ڈاکٹر وزیر آغا، تخلیق عمل (۷) عابد علی عابد، اصول انتقاد ادبیات (۸) عابد علی عابد، اسلوب (۹) ڈاکٹر امیر اللہ خاں شاہین، اردو کے اسالیب نثر (۱۰) ڈاکٹر عبدالستار دلوی (مرتب)، اردو میں لسانیاتی تحقیق، جزو صوت شعر (۱۱) اقتدار حسین خاں، مضمون، اسلوب اور اسلوبیات۔ مشمولہ عصری ادب ۲۷۔۲۸، جنوری تا اپریل ۱۹۷۷ء (۱۲) شمس الرحمٰن فاروقی، لفظ و معنی (۱۳) شمس الرحمٰن فاروقی شعر، غیر شعر اور نثر (۱۴) ابوذر عثمانی، عملی تنقید کیا ہے؟ مشمولہ آج کل بابت ستمبر ۱۹۷۹ء (۱۵) ڈاکٹر سید محمد عقیل، سماجی تنقید اور تنقیدی عمل (۱۶) رسالہ شاعر: ہم عصر اردو ادب نمبر ۱۹۷۷ء (۱۷) رسالہ نقد و نظر، علی گڑھ، جلد: ۱، شمارہ ۱۰، ۱۹۷۹ء جزو۔ تنقیدی تجزیے۔

18. I.A Richards "Practical Criticism"

19. C.B. Cox & A.C. Dyson "The Practical Criticism of Poetry"

20. Cleanth Brooks & R.P. Warren "Understanding Poetry"

21. Cleanth Brooks & R.P. Warren "Understanding Fiction"

22. Brooks & Heilman "Understanding Drama"

23. James Reeves "Understanding Poetry"

24. Denys Thompson "Reading & Discrimination"

25. Rene Wellek & Austin Warren "The Theory of Literature" (Penguin)

26. James Thorpe "The Relations of Literary Study"

27. William Scott (ed) "Five Approches of Literary Criticism"

28. F.W. Bateson "The Scholar Critic"

.......................................................................

## اختیاری کورس:

کورس نمبر: 3

**متنی تنقید**

**4 Credits**

## UR 721: Practicle Criticism

---

**دائرہ مطالعہ**

**Area of Study**

ترتیب کے لیے متن کا انتخاب۔ اس کی تنقیدی اہمیت۔ غیر مطبوعہ اور مطبوعہ متون کی ترتیب۔ نسخوں کی فراہمی اندرونی شہادتوں کی اہمیت۔ املا اور کاغذ سے مخطوطہ کے عہد کا قیاسی تعین۔ نسخوں کے استناد کی درجہ بندی۔ جعلی متون کی شناخت۔ مختلف نسخوں میں انتخاب کے طریقے قیاسی تصحیح کی حدود۔ ایک نسخے کو بنیادی متن قرار دینے کے نقائص، تمام نسخوں کی بناء پر معتبر ترین متن تیار کرنا۔ تیار شدہ متن کے املا کے قواعد۔

اختلاف نسخ کی مناسب حدیں۔ تحقیقی مقدمہ لکھنا۔ حواشی۔ کتابیات و ماخذ۔ مقدمے اور حواشی کی مناسب حدیں۔ نثر و نظم کے متون کی ترتیب کے مختلف تقاضے۔ تذکرے اور داستان کی ترتیب۔ منظوم متن کے لیے عروض سے واقفیت۔ فرہنگ تیار کرنا۔ ایک کتاب کو ترتیب دینا یا کسی کی کلیات نظم یا کلیات نثر کی ترتیب۔ الحاقی تحریروں کا تعین اور غیر مطبوعہ یا غیر مدون مطبوعہ تحریروں کا شمول۔ حواشی میں ان کے اندراجات کا تجزیہ۔ لسانیات و قواعد کے متون کی ترتیب کے مخصوص مسائل۔

### امدادی کتابیں:

(۱) ڈاکٹر تنویر احمد علوی، اصول تحقیق و ترتیب متن (۲) ڈاکٹر خلیق انجم، متنی تنقید (۳) سید محمد ہاشم، تحقیق و تدوین۔ جلد اول (۴) رشید حسن خاں، ادبی تحقیق۔ مسائل اور تجزیہ (۵) قاضی عبدالودود، اشتر و سوزن۔

### ذیل کے مضامین:

(۱) ڈاکٹر تنویر احمد علوی، قدیم دواوین کی ترتیب کے مسائل۔ مشمولہ۔ رہبر تحقیق (۲) ڈاکٹر گیان چند، کلاسیکی متن کی ترتیب۔ مشمولہ تجزیہ (۳) ڈاکٹر گیان چند، مسعود حسن رضوی، بحیثیت مرتب متن۔ مشمولہ حقائق (۴) قاضی عبدالودود، صحت متن تحریک دہلی۔

7. S.N. Katee.... Introduction to Indian texual Criticism".

8. Wilfred R. Harrison "Foregery detection, Apractical Guide, Fraderick A. Peeagee, New York, 1964.

9. F.W.A. Hall..... "Companion to classical texts: Oxford Clarendon Press, 1913.

ترتیب متن کے بعض مثالی نمونے: (۱۰) مولانا امتیاز علی عرشی، دستور الفصاحت (۱۱) مولانا امتیاز علی عرشی، مکاتیب غالب (۱۲) مولانا امتیاز علی عرشی،

نسخہ عرشی (۱۳) مالک رام ومختارالدین احمد، کربل کتھا (۱۴) مالک رام، گل رعنا (۱۵) مالک رام 'تذکرہ (۱۶) مالک رام 'غبار خاطر (۱۷) مسعود حسن رضوی، لکھنو کا عوامی اسٹیج میں امانت کی اندر سبھا۔

.................................................................

کورس نمبر: 4

## تحقیق کی تاریخ

4 Credits

## UR 722: History of Urdu Research

**دائرہ مطالعہ:**

Area of Study

تذکروں کی تحقیقی اہمیت۔ سوانح اور شخصیت سے متعلق اشارے۔ تذکرے اور تاریخ ادب کا فرق۔ تاریخ ادب میں ادوار کی تقسیم اور اصناف ورجحانات کا ارتقاء۔ سماجی پس منظر میں ادب کا مطالعہ، آب حیات اور اس کے بعد کی تاریخ ادب اردو' محض شاعری یا محض نثر کی تاریخیں، پہلی جدید تاریخ ادب' رام بابو سکسینہ کی تاریخ ادب اردو۔ علاقائی تاریخیں' اصناف ادب کی تاریخیں' اصول تحقیق سے متعلق کتابیں' ایک ادیب سے متعلق کتابیں یادگار ارمغان۔ ببلو گرافیاں' رسالوں کے خاص نمبر تحقیقی مضامین کے مجموعے۔ تحقیقی رسالے کتب خانوں کی وضاحتی فہرستیں۔ موضعات واصناف کی فہرستیں۔ ترتیب متن۔ تذکرے۔ دواوین۔ داستانیں اور دوسرے موضوعات کے متون کی ترتیب کی تفصیل۔ غالبیات کے متون۔ لغت۔ قواعد۔ علم بیان وغیرہ کی تحقیق' مستشرقین کی تحقیقی خدمات۔ یونیورسٹیوں کی تحقیق۔ ایک جائزہ، بیسویں صدی کے اہم اردو محققین۔ دکنیات کے محققین۔ غالبیات کے محققین۔ دوسرے محققین۔

**امدادی کتابیں:**

(۱) ڈاکٹر سید عبداللہ، شعرائے اردو کے تذکرے (۲) ڈاکٹر حنیف نقوی، شعرائے اردو کے تذکرے۔ گلشن بے خار تک (۳) ڈاکٹر فرمان فتح پوری، اردو شعراء کے تذکرے اور تذکرہ نگاری (۴) ڈاکٹر محمد انصاراللہ نظر، شعرائے اردو کے اولین تذکرے (۵) رشید حسن خاں، ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ (۶) رسالہ، آج کل، کا اردو تحقیق نمبر اگست ۱۹۶۷ء (۷) رسالہ، کتاب نما، ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں اردو تحقیق نمبر، مئی ۱۹۶۷ء، مرتبہ سید حامد حسین (۸) رسالہ کتاب نما، مشرقی علوم والسنہ پر تحقیق، جولائی ۱۹۷۸ء، مرتبہ سید حامد حسین (۹) رسالہ نوید، مگدھ یونیورسٹی، گیا، جولائی ۱۹۷۴ء (۱۰) مئی ۱۹۷۹ء اور اس کے بعد کے، ہماری زبان، کے شماروں میں یونیورسٹیوں میں تحقیق کی فہرستیں۔

**ذیل کے مضامین:**

(۱) سید علی جواد زیدی، تاریخ ادب کی تدوین۔ مشمولہ فکر وریاض (۲) مالک رام، اردو میں تحقیق، مشمولہ رہبر تحقیق، مشمولہ رہبر تحقیق (۳) ڈاکٹر سید محمد حسنین، اردو تحقیق کی رفتار وسمت۔ مشمولہ رہبر تحقیق (۴) احتشام حسین، اردو میں تحقیق آزادی کے بعد۔ مشمولہ جدید ادب۔ منظر اور پس منظر (۵) ڈاکٹر گیان چند جین، اردو تحقیق پر ایک نظر۔ مشمولہ حقائق (۶) ڈاکٹر گیان چند جین، اردو تحقیق میں غیر مسلموں کی خدمات۔ مشمولہ حقائق (۷) ڈاکٹر گیان چند جین، اردو تحقیق آزادی سے پہلے، مشمولہ ذکر وفکر (۸) ڈاکٹر گیان چند جین، اردو تحقیق آزادی کے بعد (۱۹۶۷ء تک)، مشمولہ ذکر وفکر (۹) اردو تحقیق ۱۹۶۷ء سے تا حال، مشمولہ ذکر وفکر از ڈاکٹر گیان چند (۱۰) ڈاکٹر شارب ردولوی، جدید اردو تنقید اصول ونظریات، طبع دوم میں چھٹے باب کا تحقیق سے متعلق حصہ، صفحہ ۴۲۱ تا ۴۵۱۔

**ایم فل دوسرا سمسٹر: مقالہ لکھنا**